پریس اطلاعات بیورو
**(وزیر اعلیٰ اطلاعات کیمپس)**
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اتر پردیش، لکھنؤ

05/01/2022

# وزیراعلیٰ نے 98 لاکھ 28 ہزار سے زیادہ مستفیدین کے بینک اکاؤنٹ میں 29 ارب 55 کروڑ 36 لاکھ روپیہ کی رقم ٹرانسفر کی

## معذوروں کو موٹرائز ٹرائی سائیکل ترجیحی بنیاد پر دیں: وزیراعلیٰ

لکھنؤ: 05 جنوری، 2022

اتر پردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج یہاں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر مختلف سماجی تحفظ پنشن اسکیموں کے 98 لاکھ 28 ہزار سے زیادہ مستفیدین کے بینک اکاؤنٹ میں ڈی بی ٹی کے ذریعے 29 ارب 55 کروڑ 36 لاکھ روپے کی رقم منتقل کی۔ یہ رقم موجودہ مالی سال کی چوتھی سہ ماہی (جنوری، فروری اور مارچ 2022) کے تحت منتقل کی گئی ہے۔

واضح رہے کہ اولڈ ایج پنشن اسکیم کے 56 لاکھ مستفیدین کو 1680 کروڑ روپئے، بے سہارا خواتین پنشن اسکیم کے 31 لاکھ مستفیدین کو 930 کروڑ روپئے، معذور افراد پنشن اسکیم کے 11.17 لاکھ مستفیدین کو 335.10 کروڑ روپئے، جذام پنشن اسکیم کے 11430 مستفیدین کو 10.26 کروڑ روپئے کی رقم منتقل کی گئی۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ حکومت اور معاشرے کی ذمہ داری ہے کہ جہاں بھی کوئی مسئلہ ہو اسے حل کریں۔ ریاستی حکومت پوری ہمدردی کے ساتھ ضرورت مندوں کی ہر ممکن مدد کررہی ہے۔ وزیراعظم جناب نریندر مودی نے تمام اسکیموں کو ٹیکنالوجی کے ساتھ مربوط کیا ہے، تاکہ کوئی بدعنوانی نہ ہو اور ضرورت منداس کا فائدہ حاصل کرسکیں۔ اس موقع پر انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ معذور افراد جو پڑھ رہے ہیں اور کاروبار کررہے ہیں انہیں موٹر سائیکل ترجیحی بنیاد پر فراہم کریں۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج یہاں تین ماہ کی پنشن کی رقم ایک ساتھ جاری کی گئی ہے۔ پنشن کی رقم میں اضافے کے ساتھ ریاستی حکومت نے گزشتہ ساڑھے چار سالوں میں اہل زمرے کے مستفیدین کی تعداد میں اضافہ کیا ہے۔ سال 2017 سے قبل ضعیف پنشن اسکیم کے تحت صرف 37 لاکھ 47 ہزار معمر افراد کو پنشن کی سہولت دی جاتی تھی۔ موجودہ ریاستی حکومت کے قیام کے بعد ضعیف پنشن اسکیم کے تحت 19 لاکھ 47 ہزار نئے پنشنروں کو شامل کیا گیا ہے۔ رواں مالی سال میں کل 56 لاکھ معمر افراد کو پنشن فراہم کی جارہی ہے۔

اسی طرح موجودہ ریاستی حکومت نے معذور افراد پنشن اسکیم کے تحت 02 لاکھ 34 ہزار نئے پنشنروں کو

شامل کیا ہے۔ رواں مالی سال میں 11 لاکھ 17 ہزار معذوروں کو پنشن فراہم کی جارہی ہے۔ جذام پنشن اسکیم کے تحت 06 ہزار 655 اضافی نئے پنشنروں کو شامل کیا گیا ہے۔ رواں مالی سال میں مجموعی طور پر 11 ہزار 430 مستحقین کو جذام پنشن فراہم کی جارہی ہے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سماجی تحفظ کے پنشنروں کو حکومت کی مختلف اسکیموں جیسے مفت راشن، رہائش، اجابت گھر اور آیوشمان بھارت کے تحت 05 لاکھ روپے تک کے ہیلتھ انشورنس کا فائدہ بھی مل رہا ہے۔ انہوں نے سوشل سیکورٹی پنشن اسکیموں سے مستفید ہونے والوں پر زور دیا کہ وہ پنشن کے فوائد کو دوسرے ضرورت مند لوگوں سے جوڑنے میں تعاون کریں جو اہلیت کے زمرے میں ہیں۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس وقت دنیا کورونا کی وبا سے نبرد آزما ہے۔ بیداری، احتیاط ہی کورونا کی وبا سے بچاؤ کے لیے سب سے بڑے اقدامات ہیں۔ ملک اور ریاست کے تمام لوگوں کو مل کر کورونا کے خلاف کام کرنا ہوگا۔ ہر ایک کو ویکسین ضرور لگوانی چاہیے۔ ان خاندانوں کو 50 ہزار روپے کی مالی امداد فراہم کی جارہی ہے جن کے افراد کورونا کے دور میں کورونا وبا کی وجہ سے فوت ہوگئے۔ جن بچوں کے والدین/سرپرست اس بیماری کی وجہ سے فوت ہوگئے، ایسے یتیم بچوں کو اتر پردیش مکھیہ منتری بال سیوا یوجنا کے ذریعے فائدہ پہنچایا جارہا ہے۔

اس موقع پر وزیر ریاست برائے خواتین (آزاد چارج) محترمہ سواتی سنگھ نے کہا کہ ریاستی حکومت سب کا ساتھ، سب کا وکاس، سب کا وشواس کے بنیادی منتر کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ اس منتر کے مطابق ریاستی حکومت کی جانب سے کسانوں، نوجوانوں، خواتین، بیٹیوں سمیت ہر طبقے کے لیے مختلف اسکیمیں چلائی جارہی ہیں۔ ان اسکیموں کا فائدہ سماج کے ہر ضرورت مند تک پہنچانے کے لیے کام کیا جارہا ہے۔

اس موقع پر ایڈیشنل چیف سکریٹری معذور افراد بہبود جناب ہیمنت راؤ، ایڈیشنل چیف سکریٹری اطلاعات اور ایم ایس ایم ای جناب نونیت سہگل، پرنسپل سکریٹری خواتین بہبود محترمہ انیتا میشرم، پرنسپل سکریٹری وزیر اعلیٰ اور اطلاعات جناب سنجے پرساد، سکریٹری وزیر اعلیٰ جناب آلوک کمار سمیت حکومت اور انتظامیہ کے اعلیٰ افسران موجود تھے۔

☆☆☆☆☆